نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے سفید مکھی کے کنٹرول کیلئے ایڈوائزری جاری کردی

لاہور: **07** جون **2026**: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کپاس کی سفید مکھی کے کنٹرول کے لیے کاشتکار اگیتی فصل کی ہفتہ میں کم ازکم دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔کپاس کی فصل کے اردگرد جڑی بوٹیوں کا خاتمہ یقینی بنائیں۔کپاس کے کاشتکار سفید مکھی کی متبادل میزبان فصلات مثلاً بینگن،کھیرا،کدو،حلوہ کدو،ٹماٹر،مرچ،بھنڈی،مونگ وغیرہ کی بھی باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں تاکہ ان متبادل میزبان پودوں پر سفید مکھی کا کنٹرول کیا جاسکے۔کپاس کے کاشتکار فصل کو پانی کی کمی سے بچائیں اور فصل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے آبپاشی کریں۔ سفید مکھی کے کنٹرول کے لیے 15 تا 20 پیلے چپکنے والے کارڈ فی ایکڑ لگائیں اور ہر 15 دن کے بعد ان کارڈز کا گلو تبدیل کرلیں۔سفید مکھی کے خلاف زہروں کا استعمال محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے کریں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆